**موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات**
**نسلی اقلیتوں کے لئے مساوات کا فروغ**

## پیشہ ورانہ تربیت

اہل افراد کو جو داخلہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہیں ان کی نسل یا نسلی اصلیت سے قطع نظر، مختلف کورسز اور پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت کی سہولیات کو پیشہ ورانہ تربیت کونسل (VTC) ملازمین دوبارہ تربیت بورڈ (ERB) اور تعمیراتی صنعت کونسل (CIC) کے ذریعے فراہم کیا جاتا ہے۔

خاص طور پر، غیر چینی بولنے والے افراد کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے، کورسز اور پروگراموں کی ایک بڑی تعداد کو انگریزی میں منعقد کیا جاتا ہے۔ مخصوص کورسز جیسا کہ وہ جو کینٹونیز میں ہیں انہیں خاص طور پر ان لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مرتب کیا گیا ہے۔

### A. پیشہ ورانہ تربیتی کونسل

| | |
|---|---|
| متعلقہ سروسز | • VTC پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت کے پروگراموں کا ایک وسیع سلسلہ پیش کرتا ہے۔ یقینی بنانے کیلئے کہ پیشہ ورانہ تعلیم وتربیت سے متعلق خدمات نسل سے قطع نظر تمام افراد کے لئے قابل رسائی ہیں، نسلی اقلیتوں کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے خصوصی غور شروع کیا گیا ہے۔ |
| موجودہ اقدامات | <u>غیر چینی بولنے والے (NCS) طلباء کے لئے وقف شدہ پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت کے پروگرام</u><br><br>• NCS نوجوانوں اور بالغ افراد کو، ان کی ضروریات پورا کر سکنے کیلئے VTC وقف شدہ پروگرامز پیش کرتا ہے۔ ان پروگراموں میں ثانوی اسکول چھوڑنے والوں کے لئے کاروبار، ڈیزائن، ہوٹل، سینیئر سیکنڈری طلباء کیلئے اپلائیڈ لرننگ کورسز، غیر مصروف نوجوانوں کے لئے پیشہ ورانہ ترقی کے کورسز، پیشہ ورانہ چینی اور دیگر پیشہ ورانہ مہارتوں پر مختصر دورانیہ کے کورس شامل ہیں۔<br><br><u>متبادل چینی زبان کی قابلیت کی قبولیت</u><br><br>• جہاں ایک پروگرام داخلہ کے لئے چینی زبان میں ثانوی تعلیم کا ہانگ کانگ ڈپلومہ (HKDSE) کے مخصوص معیار کا تقاضا کرتا ہے، وہاں متبادل چینی زبان کی کوالیفیکیشن یا HKDSE اپلائیڈ سیکھنے کے چینی نتائج پر غور کیا جائے گا۔ |

معاونتی خدمات

- قبل از ملازمت پروگراموں کے NCS طلباء کو ان کی مطالعہ سے بہتر طور پر نمٹنے اور کیمپس کی زندگی کو اپنانے میں مدد کے لئے مختلف معاونتی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ ان خدمات میں تعلیمی اور سیکھنے کی معاونتی سرگرمیاں، مقامی طلباء اور کمیونٹی کے انضمام کو فروڈ دینے کی سرگرمیاں اور کیریئر میں بہتری لانے اور ترقی کیلئے کاؤنسلنگ اور مشاورتی معاونت شامل ہیں

مستقبل کے کام کی تشخیص

- VTC برابری اور مساوات کی پالیسی کو فروغ دینا اور یقین دہانی کیلئے کہ متعلقہ پروگراموں کو پیش کیا جاتا ہے، نسلی اقلیتی گروپوں کی خدمت کرنیوالی غیر سرکاری تنظیموں اور ثانوی اسکولوں کے ساتھ مل کر کام کرنا جاری رکھے گا۔

کیے گئے / کیے جانیوالے اضافی اقدامات

- اپنی پڑھائی اور کام کرنے کے ماحول میں نسلی مساوات کو فروغ دینے کے لئے، VTC نے اپنے آپریشن یونٹوں کی طرف سے حوالہ کے لئے رہنما اصول تیار کیے ہوئے ہیں۔
- نسلی مساوات پر عملے اور طلباء کی آگہی اور حساسیت میں اضافہ کرنے کے لئے تربیت اور اشتراکی سیشنز کا اہتمام کیا جانا جاری رہے گا۔
- VTC ایک شامل کئے جانے کی ثقافت کو فروغ دینے اور مقامی اور NCS طلباء کے درمیان انضمام میں سہولت دینے کے لئے سرگرمیوں کو منظم کرنے کا عمل جاری رکھے گا۔
- VTC کی وقف شدہ کمیٹی مذکورہ بالا اقدامات کے نفاذ پر نظر رکھنا جاری رکھے گی۔

عوامی استفسارات

- مندرجہ بالا اقدامات پر استفسارات کو VTC کے سینیئر آفیسر/ہیڈکوارٹرز (اکیڈمک سروسز) کو 2836 1766 پر بھیجا جا سکتا ہے۔

## B. ملازمین کی دوبارہ تربیت کا بورڈ

متعلقہ سروسز

- ملازمین دوبارہ تربیت بورڈ (ERB) لیبر فورس کی صلاحیتوں، معیار، ملازمت کی قابلیت اور مسابقت بندی کو بڑھانے کے لئے (ذیلی ڈگری یا نیچے کی تعلیم کے حصول کے ساتھ) تربیتی کورسز اور خدمات فراہم کرتا ہے۔ کل وقتی تعیناتی سے بندھے کورسز ملازمت پر مبنی ہیں، اور مناسب مہارتوں کی تربیت اور تعیناتی متابعتی خدمات کے ذریعے بے روزگار افراد کیلئے ملازمتوں کے حصول میں مدد کرنے پر مرکوز

ہیں۔ جز وقتی "مہارتوں کو اپ گریڈ کرنیوالی اسکیم پلس" کے کورسز مزدور طبقہ کو اپنی صلاحیتوں کو اپ گریڈ کرنے کا اہل بناتے ہیں۔ جز وقتی عام مہارت کے تربیتی کورسز، بنیادی مہارتیں جیسا کہ جائے کار پر زبانیں، ہندسوں کا علم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی، کا احاطہ، کا مقصد افرادی قوت کے مجموعی معیار کو بڑھانا ہے۔

- نسلی اقلیتوں کی ملازمت کی قابلیت کو بہتر بنانے اور مقامی کمیونٹی میں ان کے انضمام میں سہولت فراہم کرنے کے لئے ایک نقطہ نظر کے ساتھ، ERB نسلی اقلیتوں کی امنگوں اور تربیتی ضروریات کے مطابق وسط 2007 سے انگریزی میں منعقد کیا جانیوالے وقف شدہ تربیتی کورس فراہم کرتا ہے۔ ان کی تربیت اور ملازمت کی تلاش میں معاونت اور سہولت دینے کیلئے خصوصی اقدامات اور خدمات مہیا کی جاتی ہیں۔

موجودہ اقدامات

<u>نسلی اقلیتوں کے لئے وقف کورسز</u>

- 2019-20 میں[1]، ERB 800 تربیتی جگہوں کو مختص کرنے کے ساتھ، کل 13 کل وقتی تعیناتی سے مشروط اور 31 جز وقتی سکلز اپ گریڈنگ اسکیم (SUS) پلس اور انگریزی میں اور نسلی اقلیتوں کے لئے منعقد کردہ عمومی مہارتوں میں تربیت کے کورسز پیش کرتا ہے۔

- فی الحال، ERB نسلی اقلیتوں کے لئے 5 زبانی کورسز (جس میں کینٹونیز ورک پلیس پوٹونگوا، ورک پلیس چینی (پڑھنا اور لکھنا) اور انگریزی شامل ہیں،) پیش کرتا ہے۔ 2015-16 میں، ERB نے نسلی اقلیتوں کی جانب سے مواصلت کی رکاوٹوں پا سکنے اور لسانی کورسز کی عملیت پسندی اور ترتیل کو بھرپور بنانے کے ذریعے ان کی ملازمت کی قابلیّت کو بڑھانے، اور ان کے لئے ترقی کے راستے کو تعمیر کرنے کے ایک نظریہ کے ساتھ زبان کی تربیت کے اپنے کورسز کا جامع جائزہ لینے کیلئے "لسانی کورسز کا جائزہ لینے کیلئے ٹاسک فورس" قائم کی۔ 2019-20 سے شروع کر کے، سیکھنے والوں کیلئے جو چینی زبان پر اپنا عبور مزید بڑھانا چاہتے ہیں، کیلئے کوالیفیکیشن فریم ورک (QF) لیول 2 میں نسلی اقلیتوں کے لئے چینی زبان کے دو نئے وقف شدہ کورسز۔ ERB نسلی اقلیتوں کی چینی زبان کی تربیت کی طرف اس کی تائید کو مضبوط کرنا اور نسلی اقلیتوں کے سماجی انضمام اور روزگار کے مقاصد کے لئے ان کی چینی زبان میں مہارت کو بڑھانے میں مدد کے لئے ایک منظم چینی زبان کی تربیت کی اسکیم کو نافذ کرنا جاری رکھے گا۔

- ERB یوتھ تربیت پروگرام کے تحت 15 اور 24 سال کی عمر کے درمیان نسلی اقلیتوں کے غیر مصروف نوجوانوں کو ہدف بناتے ہوئے

[1] جیسا کہ 30 جون 2019 پر

وقت شدہ تربیتی کورس پیش کرتا ہے۔ 20-2019 میں، پروگرام نوجوان تربیت کاروں کے لئے مہارت کی تربیت کے کورس کے 4 مکمل طور پر مختلف دھارے فراہم کرتا ہے۔

- ERB نے نسلی اقلیتوں کی تربیت اور روزگار کی ضروریات کی نشاندہی کرنے اور نسلی اقلیتوں کو ERB کورسز اور خدمات کے فروغ کی حکمت عملی پر مشورے دینے کے لئے "نسلی اقلیتوں کی تربیت کی ضروریات پر فوکس گروپ" تشکیل دیا ہے۔ فوکس گروپ نسلی اقلیتی گروپوں، سماجی خدمات کی تنظیموں، تربیتی اداروں ((TBs، آجروں اور متعلقہ سرکاری اداروں پر مشتمل ہے۔ ERB فوکس گروپ کے مشورہ کے حوالے سے نسلی اقلیتوں کے لئے نئے نصاب تیار کرنا جاری رکھے گا۔

خصوصی اقدامات اور معاونتی خدمات

- ERB نسلی اقلیتوں کو خدمات فراہم کرنے کیلئے TBs سے ایک انگریزی بولنے والے عملہ کا انتظام کرنے کی درخواست کرتا ہے اور TBs کی غیرسرکاری تنظیموں کی جانب سے مہیا کردہ ترجمانی کی سروس کو استعال کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، جب وہ ERB خدمات استعمال کر رہے ہوں۔

- ERB نسلی اقلیتوں کے لئے وقف شدہ تربیتی کورس کے لئے کلاس کے سائز کے تقاضا سے ایک لچکدار بنیادوں پر نمٹتا رہا ہے۔

- سیکھنے کی موثریت کو بڑھانے کے لئے جہاں ضروری ہوا، کلاس میں ترجمانی کی خدمات کا انتظام تدریسی معاونین کے ذریعے کیا گیا ہے جو انگریزی اور نسلی اقلیتی زبانوں میں بات کر سکتے ہیں۔

- نسلی اقلیتی زیر تربیت افراد جنھوں نے تعیناتی سے مشروط کورسز مکمل کیے ہیں کو چھ ماہ کی جگہ کی تعیناتی کے بعد فالو اپ خدمت فراہم کی جاتی ہیں، جبکہ دوسر تربیت کاروں کیلئے عام طور پر ایک تین ماہ کی جگہ کی تعیناتی کے فالو اپ کی مدت فراہم کی جاتی ہے۔

- نسلی اقلیتوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے سلسلہ میں زیادہ نئے نصاب تیار کرنے میں TBs کی حوصلہ افزائی کرنے کے ایک نقطہ نظر کے ساتھ، ERB نے نسلی اقلیتوں کے لئے وقف کورسز شامل کرنے کے لئے اپنے موجودہ نصاب میں ترقیاتی تشہیری اسکیم میں توسیع کی ہے۔

- دستیاب تربیتی مواقع کے بارے میں نسلی اقلیتوں کی آگاہی کو فروغ دینے کے لئے، ERB نے انگریزی اور 7 نسلی اقلیتی زبانوں میں تشہیری کتابچے شائع کیے ہیں (بشمول ہندی، اردو، نیپالی، انڈونیشیائی،

ٹیگا لوگ اور تہائی) تاکہ مختلف چینلز کے ذریعے نسلی اقلیتی گروپوں میں انہیں تقسیم کیا جا سکے۔ کورس پراسپیکٹس اور تشہیری پوسٹر کو انگریزی میں تیار کیا گیا ہے، اور نسلی اقلیتوں کے لئے کورسز کو فروغ دینے کے لیے اخبارات میں انگریزی، اردو اور نیپالی زبان میں اشتہارات جاری کیے جاتے ہیں۔

- ERB نسلی اقلیتوں کیلئے ERB کورسز اور سروسز کو متعارف کرانے والے تشہیری کتابچہ کو اپ ڈیٹ کرتا ہے، تاکہ ان کی ERB میں اور کورسز میں داخلہ میں دلچسپی اور ERB کی طرف سے پیش کردہ خدمات کو استعمال کرنے کی تفہیم کو بڑھایا جا سکے۔

- نسلی اقلیتوں تک پہنچ سکنے اور ان کی ضروریات کا اندازہ لگانے کیلئے، ERB کا عملہ فعال طور پر وقتاً فوقتاً نسلی اقلیتوں کے ثقافتی اور مذہبی اجتماعات کے دورے منعقد کرتا ہے۔

- اپنی تشہیری کوششوں میں مزید اضافہ کرنے کے لئے، ERB نسلی اقلیتوں کے لئے علاقائی معاونتی خدمت مراکز کے ساتھ قریبی رابطے میں رہا ہے جس کو غیرسرکاری تنظیم کی مدد سے چلایا جاتا ہے اور نسلی اقلیتوں کیلئے ERB کی خدمت کی معلومات کی تقسیم میں محکمہ داخلی امور (HAD) کی جانب سے مالیاتی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔ ERB باقاعدگی سے HAD کی جانب سے شائع کردہ نسلی اقلیتوں کیلئے "ہانگ کانگ میں خدمات کے لئے آپ کا رہنما کتابچہ" میں ERB کورسز اور خدمات کے بارے میں معلومات کی تازہ کاری کرتا ہے۔

- ERB نسلی اقلیتوں کیلئے ERB کورسز اور خدمات کو فروغ دینے کیلئے، HAD کی "سفیر اسکیموں" کے تحت سماجی خدمت کی تنظیموں کے ذریعہ، اپنے تشہیراتی کتابچوں کو بھی ان میں تقسیم کرتا ہے۔

- نسلی اقلیتوں کے لئے ہدف بنائی گئی معاونتی خدمات کو ان کی مخصوص ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کوان ٹونگ[2] اور ٹن سوئی وائی میں ERB سروس مراکز میں پیش کیا جاتا ہے۔ نسلی اقلیتیں سروس مراکز کے ارکان کے طور پر رجسٹر کر سکتے ہیں اور نسلی اقلیتوں کے لئے، انٹرویو کی مہارت، پیشہ ورانہ انگریزی اور کینٹونیز سمیت وقف شدہ ورکشاپس اور گروپ کی سرگرمیوں سمیت، فراہم کردہ تربیت اور ملازمت معاونتی خدمات کا استعمال کر سکتے ہیں۔

- 2011-12 کے بعد سے، ERB ان لوگوں کو تربیتی مشاورت کی خدمت فراہم کرتا رہا ہے جنہیں ERB کورسز میں زیادہ ذاتی معاونت اور مشورے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ٹریننگ کنسلٹنٹس مناسب تربیت

[2] کوون ٹونگ میں ERB سروس مرکز 1 اگست 2019 کو اپنا کام بند کردے گا۔

کے بارے میں سفارش فراہم کریں گے اور نسلی اقلیتوں کو ان کی تربیت کی ضروریات اور ملازمت کی توقعات کی جانچ کاری کیلئے ایک آمنے سامنے انٹرویو کے ذریعہ ERB کورسز میں داخلہ لینے میں مدد کریں گے۔ تربیت کنسلٹنٹس کورس اور ERB کی خدمات، جو نسلی اقلیتوں کی ضرورت کو ہدف بناتی ہیں، کو فروغ دینے کے سلسلہ میں سیمینارز اور ورکشاپس منعقد کرنے کیلئے مستعدی کے ساتھ ضلعی انجمنوں اور سماجی خدمات کے اداروں کے ساتھ مشاورت کریں گے۔

- ERB نسلی اقلیتوں کو ہدف بناتے ہوئے ڈسٹرکٹ کی بنیاد پر تشہیری سرگرمیوں کو منظم کرنے کیلئے TBs کی مالی معاونت بھی کرتا ہے۔ ERB نسلی اقلیتوں کو باہر تک پہنچنے کے لئے زیادہ چینلز کی تلاش جاری رکھے گا۔

عملہ کی تربیت

- ثقافت کے بارے میں نسلی اقلیتوں کی تفہیم کو فروغ دینے اور نسلی اقلیتوں کو خدمات پیش کرنے میں عملے کی حساسیت کو بڑھانے کے لئے، ERB نے نسلی اقلیتوں کی خصوصیات پر "یونیسن/Unison " اور "مساویانہ مواقع کمیشن" سمیت مختلف تنظیموں کے ساتھ مل کر ERB اور TBs کے عملے کے لئے ورکشاپوں کا اہتمام کیا۔

مستقبل کے کام کی تشخیص

- ERB اپنے موجودہ اقدامات اور معاونتی خدمات پر نسلی اقلیتی گروپوں کے خیالات کا اندازہ لگانا جاری رکھے گا، اور ان کی تربیت کی ضروریات کو پورا کرنے کے وقف شدہ کورس اور خدمات تیار کرنا جاری رکھے گا۔ ERB تربیتوں کے آپریشن اور موثریت کا اندازہ کرنے کے لئے اپنے TBs اور ٹیکنیکل ایڈوائزر کے ساتھ باقاعدگی سے اجلاس منعقد کرتا ہے۔ ERB نسلی اقلیتی گروپوں کے لئے تربیت اور خدمات کے معیار کو مسلسل بہتر بنانے کے ایک نقطہ نظر کے ساتھ کلاس کے دوروں، کورس تشخیص سروے اور کورس کا جائزہ لینے کے سوالناموں کے ذریعے تربیت حاصل کرنے والوں اور TBs سے متعلق تاثرات جمع کرتا ہے۔

کیے گئے / کیے جانیوالے اضافی اقدامات

- 2010-11 کے بعد سے، ERB نے منتخب شدہ کورسز کے لئے انگریزی تربیتی مندرجات تیار کرنے شروع کر دیئے ہیں جنہیں عوام الناس کے اراکین کو فراہم کیا جاتا ہے (جس کا تدریسی ذریعہ کینٹونیز ہے)۔ نسلی اقلیتیں جو کینٹونیز کو بول اور سمجھ سکتے ہیں، اس کورس میں بھی شرکت کر سکتے ہیں۔ 2019-20 میں، ERB پراپرٹی مینجمنٹ اور سکیورٹی، معلومات اور مواصلاتی ٹیکنالوجی، بزنس اور ہیلتھ کیئر سروسز کی صنعتوں پر مشتمل، اس جیسے 5 کورسز کی پیش کش کرتا ہے۔

- 2016-17 سے، ERB نے ضمنی تربیتی موضوعات تیار کرنے اور لرننگ سپورٹ سروسز فراہم کرنے کے لئے TBs کے لئے "تربیتی سپورٹ سروسز سبسڈی" (سبسڈیوں) کا اجراء کیا ہے۔ 2018-19 میں، ERB نے کورس کے مزید زمروں کا احاطہ کرنے کے لئے سبسڈی میں توسیع کی اور سبسڈی لیول کی زیادہ سے زیادہ شرح کو بڑھاوا دیا۔ یہ ان نسلی اقلیتوں کو سہولت فراہم کرتا ہے جو عام لوگوں کے لئے دیگر عمومی تربیتی کورس میں شرکت کرنے کیلئے کینٹونیز کو بول اور سمجھ سکتے ہیں۔

- غیر اسکولی شرکت کار نسلی اقلیتوں کی حوصلہ افزائی کے مقصد کے ساتھ، کہ وہ زندگی بھر سیکھنے میں مشغول ہوں اور قابل منتقلی کام کی مہارت کو آگے بڑھائیں، نسلی اقلیتی افراد 16 مخصوص ERB زبان کے کورسز میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے HAD سے سبسڈی حاصل کر سکتے ہیں۔

- ERB نسلی اقلیتوں کیلئے معاون خدمت کے مراکز جنہیں HAD مالی تعاون فراہم کرتا ہے کے لئے وقف شدہ تربیتی کورسز پیش کر رہا ہے۔ ان معاونتی خدمت کے مراکز میں نسلی اقلیتوں تک پہنچنے کے ذریعے، ERB نسلی اقلیتوں کی ERB کی طرف سے پیش کردہ تربیتی کورس میں اندراج کرانے کیلئے حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

- 2016-17 میں، ERB نے مختلف صنعتوں کی ملازمت کے مواقع اور کیرئیر کے امکانات، بشمول نسلی اقلیتوں کی ضروریات کو پورا کرنیوالی وقف شدہ سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ERB کورسز کو فروغ دینے کیلئے ضلع کی بنیاد پر فروغ کی سرگرمیوں کو منظم کرنے کیلئے ڈسٹرکٹ تنظیموں کے ساتھ اشتراک عمل کیلئے TBs کی مالی اعانت کرتے ہوئے، "کورسز اور صنعتوں کیلئے فروغ کے پروگرام" کا اجراء کیا۔ پچھلے تین سالوں میں (2016-17 سے 2018-19)، نسلی اقلیتوں کے لئے 6 وقف شدہ سرگرمیاں منعقد کی گئیں۔ 2019-20 میں، ERB نے TBs کو ضلعی سطح پر تشہیری سرگرمیوں کا اہتمام کرنے کے لئے فنڈز فراہم کرنا جاری رکھا ہے جس میں نسلی اقلیتوں کے لئے 2 وقف شدہ سرگرمیاں شامل ہیں، تاکہ انہیں ERB کورسز کے بارے میں مزید سیکھنے اور مختلف صنعتوں کی ملازمت سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے مواقع فراہم ہو سکیں۔

- ERB نے ERB کورسز کے لئے انکوائری اور اندراج خدمات فراہم کرنے، انڈسٹری سیمینار اور ٹسٹر کورسز کا اہتمام کرنے، اور عوامی ارکان کو ERB ٹریننگ کنسلٹنسی سروس میں اندراج کرنے میں معاون بنانے کے لئے سماجی خدمت کی تنظیموں کے ساتھ مل کر کوائی سنگ، سوئین وان اور کولون مغرب میں 22 " ERB سروس اسپاٹ" قائم کیے ہیں۔ 2019-20 ERB میں مرحلہ وار کوولون ایسٹ میں 15 " ERB سروس اسپاٹ" شروع کرے گی۔ نسلی اقلیتیں ایسی خدمات کا

استعمال کر سکتی ہیں۔

- آؤٹ ریچنگ تربیتی مشاورتی سروس 17-2016 سے فراہم کی گئی ہے۔ تربیتی کنسلٹنٹ نسلی اقلیتوں کو انفرادی یا گروپ تربیتی مشاورتی سروس فراہم کرنے کے لئے مختلف غیر سرکاری تنظیموں اور تنظیموں کا دورہ کریں گے۔ 19-2018 میں، ERB نے "ٹریننگ کنسلٹنٹ ویڈیو کانفرنسنگ سروس" متعارف کراتے ہوئے نسلی اقلیتوں کی حمایت میں مزید اضافہ کیا۔

- 15-2014 سے، ERB اعلٰی ثانوی نسلی اقلیت کے طلباء کے لئے "اسکول کے لئے کیریئر مباحثے" کا اہتمام کرتا رہا ہے۔ کارپوریشنز کے سینئر ایگزیکٹوز کو طلباء کے ساتھ کیریئر کے امکانات، کام کے ماحول اور اندراج کی ضروریات وغیرہ سے متعلق اشتراک کرنے کیلئے مدعو کیا گیا۔ ERB نمائندوں نے بھی طلباء کیلئے ERB کورسز اور خدمات کو متعارف کرایا جو جو نسلی اقلیتی نوجوانوں کے لیے موزوں تھے۔

- 17-2016 سے، ERB اعلٰی ثانوی نسلی اقلیت کے طلباء کے لئے "انٹرویو کے ہنر کی ورکشاپوں" کا اہتمام کر رہا ہے۔ یہ ورکشاپ ملازمت کی تلاش اور انٹرویو کی مہارت، جائے کار کی ثقافت اور رویہ کی تربیت، اور ERB تربیت اور تعیناتی کی خدمات کے بارے میں بریفنگ کا بھی احاطہ کرتی ہے تاکہ گریجویشن کے بعد ملازمت کی منڈی میں آنے والے طلباء کو بہتر طور پر تیار کیا جا سکے۔

- 18-2017 سے، ERB اعلٰی ثانوی نسلی اقلیت کے طلباء کے لئے مختلف کام کے مقامات اور سہولیات کا دورہ کرنے کے لئے "کام کے تجربے کی سرگرمیاں" کا اہتمام کر رہا ہے۔ آجر کے نمائندوں نے نسلی اقلیتی طلباء کو متعلقہ صنعتوں میں تفہیم بڑھانے اور ان کے مستقبل کے مطالعے اور کیریئر کی منصوبہ بندی میں آسانی پیدا کرنے کے مقصد سے مختلف ملازمت کے عہدوں کے لئے آپریشن، داخلے کے تقاضے اور سیکھنے کے راستے متعارف کروائے۔

20-2019 سے، ERB نسلی اقلیتوں کے لئے وقف کردہ کورسز میں داخلے کے لئے تعلیمی حصول کے معیار میں زیادہ لچک کی اجازت دیتا ہے۔ وہ نسلی اقلیتوں کے لئے تعمیرات اور تزئین و آرائش کی صنعت اور بجلی اور مکینیکل خدمات سے متعلق خاص نئے صنعتی تربیتی کورسوں کی ترقی کی بھی تلاش کر رہا ہے۔

استفسارات

- استفسارات کے لئے، 3801 6760 پر ERB انکوائری ہاٹ لائن پر کال کریں۔

**C. تعمیراتی صنعت کی کونسل**

| | |
|---|---|
| متعلقہ سروسز | • CIC ایک کام کرنے اور رہنے کے ایسے ماحول کو تخلیق کرنے کیلئے وقف ہے جو مساویانہ مواقع فراہم کرتا ہے، اور وہ اس کے تمام ملازمین، تربیت کار، ملاقاتیوں اور عوام کے لئے کسی بھی امتیازی سلوک، ہراساں کرنے اور بدنام کرنے کے عمل سے پاک ہے۔ |
| | • تعمیراتی صنعت کونسل کے آرڈیننس کے سیکشن 29 کے تحت، CIC نے تعمیراتی صنعت کے لئے، تربیتی کورسز اور ٹریڈ ٹیسٹنگ کی خدمات فراہم کرنے کے لئے "تعمیراتی صنعت تربیت بورڈ" قائم کیا ہے۔ |
| موجودہ اقدامات | <u>پالیسی</u> |
| | • CIC نے یقینی بنانے کیلئے کہ تمام ملازمین، کسی دوسرے CIC ملازم، تربیت کار، ملاقاتی، یا کسی بھی CIC سروس صارفین سے امتیازی سلوک، اسے ہراساں، یا اسکی تحقیر نہیں کریں گے، اپنی مساویانہ مواقع کی پالیسی تشکیل دی ہے۔ یکساں مواقع کی پالیسی کی توثیق CIC کی طرف سے کی گئی اور اسے تمام CIC عملے کو جاری کیا گیا ہے۔ |
| | <u>عملے کی تربیت</u> |
| | • CIC یکساں مواقع کی پالیسی کی پیروی کرتے ہوئے صف اول کے عملے اور انتظامی عملے دونوں کیلئے مساویانہ مواقع پر باقاعدہ تربیتی کورس کا انتظام کرتا ہے۔ مساویانہ مواقع کمیشن (EOC) کے نمائندے پیشہ ورانہ تربیت سے متعلق شعبوں پر خصوصی توجہ کے ساتھ نسلی امتیاز کے آرڈیننس کے بارے میں CIC کے عملہ سے اشتراک کریں گے۔ |
| | <u>نسلی اقلیتوں کی تربیت اور ٹریڈ ٹیسٹ خدمات</u> |
| | • CIC فی الحال انگریزی میں 3 کل وقتی شارٹ کورسز پیش کرتا ہے تاکہ ٹرینیز جو مخصوص دستکاری کی مہارت سے تعمیراتی صنعت میں کیریئر بنانا چاہتے ہیں کو تیار کیا جا سکے۔ تربیت کے دوران نوآموز روزانہ کا الاؤنس وصول کریں گے۔ خدمات کو مزید بڑھانے کے لئے، CIC تربیتی کورسز کی فراہمی میں معاونت کے لئے اضافی مترجم بھرتی کرے گا۔ |
| | • CIC غیرچینی بولنے والے ان سروس تعمیراتی کارکنان کیلئے، تحفظ سے متعلق بیداری بڑھانے کیلئے فی الحال انگریزی زبان میں سیفٹی |

سے متعلق 15 جز وقتی کورسز پیش کرتا ہے۔

- CIC نے 2015 میں "نسلی اقلیتوں کیلئے مہارتوں کی بڑھوتری" کے تحت 5 جز وقتی کورسز پیش کیے، تاکہ رجسٹرڈ شدہ عام کارکنان کو متعلقہ ٹریڈز میں رجسٹر شدہ نیم-ہنرمند بنایا جا سکے۔

- زیادہ تر ٹریڈ ٹیسٹ اور پلانٹ چلانے کی سرٹیفیکیشن کے ٹیسٹس کے لئے انگریزی ٹیسٹ کے کاغذات دستیاب ہیں۔ CIC امیدواروں کو جانچ کے دوران اپنے مترجمین کے ہمراہ آنے کی اجازت دیتا ہے۔

<u>تشہیری سرگرمیاں</u>

- CIC نسلی اقلیتوں کو تربیتی کورسز اور ٹریڈ ٹیسٹ میں شرکت کے لئے راغب کرنے کے سلسلے میں درج ذیل فروغ کی سرگرمیاں انجام دیتا ہے۔

  - ان سروس نسلی اقلیتی پیشہ ور افراد کے پاس باقاعدگی سے دورے؛
  - نسلی اقلیتوں کی خدمت کرنے والی تنظیموں اور میڈیا چینلز جن سے وہ منسلک رہتے ہیں کے ذریعے ان تک پہنچ جانے والی سرگرمیاں؛ اور
  - تعمیراتی صنعت کے بارے میں نسلی اقلیتوں کی تفہیم کو بڑھانے کے لئے ان کے لئے کام کے تجربے کے پروگرام، جیسا کہ کیریئر سے متعلق گفتگو، ٹیسٹر پروگرام اور ملازمت مماثل میلے بمع فیملی فن ڈیز؛

- CIC نے لبرل اسٹڈیز کے لئے انگریزی تدریسی مواد تیار کر لیا ہے۔ CIC نسلی اقلیتی طلباء کی تعمیراتی صنعت میں ایک زیادہ منظم تفہیم حاصل کر سکنے کے سلسلہ میں مدد کرنے کے لئے متعلقہ ثانوی اسکولوں اور غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ تعاون میں نسلی اقلیتی گروپ کی خدمت سرانجام دیتا ہے۔

<u>نسلی اقلیتی سروس ٹیم</u>

- نسلی اقلیتوں پریکٹیشنرز کی ایک بڑھتی ہوئی تعداد کے تناظر میں، CIC نے اپنی خدمات کو بہتر بنانے اور نسلی اقلیتوں کی معاونت کرنے کیلئے ایک نسلی اقلیت سروس ٹیم قائم کی ہے۔

  - CIC خدمات کو فروغ دینے کیلئے متعلقہ تنظیموں اور کمیونٹیز کا باقاعدگی سے دورہ کرنا؛
  - ٹریڈ ٹیسٹنگ موک ٹیسٹ پیپر اور قبل از ٹیسٹ بریفنگ پاور پوائنٹ

کا نسلی اقلیتوں کی زبانوں میں ترجمہ کرانا۔
- امیدواروں اور ٹرینیز کو تشریح اور ترجمے کی خدمات فراہم کرنا؛ اور
- CIC خدمات کو فروغ دینے کیلئے سرگرمیوں کو منعقد کرنا اور حصہ لینا۔

مستقبل کے کام کی تشخیص

- CIC ہر سال اپنے مساوی مواقع کی پالیسی پر نظرثانی کرے گا۔
- CIC نسلی مساوات پر اپنے عملہ اور تربیت کاروں کی آگہی اور حساسیت میں اضافہ کرنے کے لئے ان کو تازہ ترین معلومات فراہم کرنا جاری رکھے گا۔
- CIC مندرجہ بالا کورسز کی طلب اور موثریت کو زیر جائزہ رکھے گا۔
- CIC تربیت کی تعمیر اور ٹریڈ ٹیسٹ کے سلسلے میں فراہم کردہ موجودہ اقدامات اور معاونتی خدمات پر نسلی اقلیتی گروپوں سے تاثرات حاصل کرنے کی کوشش کرتا رہے گا، اور ان کی ضروریات کے ردعمل میں کورسز اور خدمات تیار اور پیش کرے گا۔

کیے گئے / کیے جانیوالے اضافی اقدامات

<u>کورسز اور ٹریڈ ٹیسٹس کی فراہمی</u>

- CIC انگریزی میں موزوں کورسز اور ٹریڈ ٹیسٹوں کی پیشکش کرنے پر غور کرے گا، اگر مستقبل میں اس کی مانگ پیدا ہوتی ہے۔

<u>نسلی اقلیتوں کی زبانوں میں ٹریڈ ٹیسٹنگ پیپر</u>

- نسلی اقلیتوں میں سب سے زیادہ مقبول ٹریڈز کیلئے تین زبانوں (یعنی نیپالی، ہندی اور اردو) میں ٹریڈ ٹیسٹ پیپرز فراہم کرنے کے لئے پائلٹ اسکیم کا آغاز کرنا۔ CIC دیگر ٹیسٹ پیپرز کو مذکورہ 3 زبانوں میں ترجمہ کرنے پر غور کرے گا۔

<u>نسلی اقلیتی سروس ٹیم</u>

- نسلی اقلیتی خدمت ٹیم کی تشکیل کے ساتھ، توقع کی جارہی ہے کہ نسلی اقلیتوں کے لئے خدمات کا دائرہ وسیع ہوجائے گا۔ CIC نسلی اقلیت پریکٹیشنرز کی ٹریڈ سے متعلق مخصوص ضروریات کے مطالعہ کے لئے فوکس گروپس تشکیل دینے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔

استفسارات

- تعمیراتی صنعت کی کونسل۔
اقلیتی اقلیت کی خدمت کی ٹیم۔

ای میل: emservice@cic.hk
ٹیلی فون نمبر : 9000 2100 (852)
واٹس ایپ: 0072 5720 (852)
فیکس نمبر: 9249 2100 (852)

**کو پیشہ ورانہ تربیت کونسل**
**ملازمین کی دوبارہ تربیت کا بورڈ**
**تعمیراتی صنعت کی کونسل**
**جولائی 2019**